# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## کلیه عربی وعلوم اسلامیه
## شعبہ قرآن و تفسیر

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: منتخب قرآنی آیات کا تفسیری ادب کی روشنی میں تقابلی کا مطالعہ-1(1968) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

**ہدایت نامہ برائے طلباء**

**بی ایس علوم اسلامیہ (ODL موڈ)**

**عزیز طلبہ! السلام علیکم!**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# مشق نمبر1

## (یونٹ نمبر:1تا 5 )

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ سورۃالفاتحہ کے اسماءوفضائل تحریر کرتے ہوئے بسم اللہ کے سورۃالفاتحہ کے جز ہونے پر علماء کی آراء کا جائزہ لیجیے صراط مستقیم سے کیا مراد ہے؟صراط مستقیم پر چلنے کے فوائد تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ تفسیر ضیاءالقرآن کو مدنظر رکھتے ہوئے سورۃالبقرہ کی آیت نمبر173 کے مضامین بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ مشرکین کے مشرکانہ اعمال سے تشبیہ دینے والے امور کی نشاندہی کیجئے۔نیز مشرکین کے عقائد و نظریات کے سدباب میں کیاصورتیں ممکن ہیں۔وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ اللہ کے اس ارشاد ''اللہ نے تجارت کو حلال اور سود کو حرام کیا ہے'' کی وضاحت تفسیر معارف القرآن و تفسیر قرطبیؒ کی روشنی میں تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ اتباع رسول کی اہمیت بیان کرتے ہوئے بدعات کے رد کا طریقہ واضح کیجئے نیز تقرب الٰہی کے ذرائع اور طریقہ کی وضاحت کرتے ہوئے اس کے فوائد لکھیے۔ (20)

# مشق نمبر2

## (یونٹ نمبر:6 تا 9 )

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر31اور32 کے شان نزول کے بارے میں یہود و نصاری کا دعوی لکھتے ہوئے تفسیر ''بیان القرآن'' کی روشنی میں ان کے دعوی کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ پسندیدہ اور محبوب مال کے بارے میں کیا حکم ہے؟ محبوب ترین مال کی پہچان اور معیار کیا ہے؟ نیز اللہ کے راستے میں مال خرچ کرنے کے فوائد تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ قبل از اسلام عربوں کی حالت کیا تھی؟ نیز کس انقلاب نے عرب کی کایاپلٹ دی جامع جواب تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ گروہ بندی اور اختلاف کی ممانعت کے احکامات بیان کرتے ہوئے اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کی اہمیت وضرورت تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ لفظ ''حبل اللہ ''کا معنی و مفہوم اور اہمیت بیان کرتے ہوئے عصر حاضر میں مسلمانوں کو متحد کرنے کے لیے کونسا لائحہ عمل اپنانا چاہیے وضاحت کیجئے۔ (20)